”ابن آدم نے مجھے جھٹلایا حالاں کہ اسے یہ زیب نہیں دیتا اس نے مجھے گالی دی حالاں کہ اسے یہ زیب نہیں دیتا

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں : رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : "اللہ تعالی نے کہا : ”ابن آدم نے مجھے جھٹلایا حالاں کہ اسے یہ زیب نہیں دیتا اس نے مجھے گالی دی حالاں کہ اسے یہ زیب نہیں دیتا جہاں تک اس کا مجھے جھٹلانے کی بات ہے، تو یہ دراصل اس کا یہ کہنا ہے کہ میں نے جس طرح اسے پہلی بار پیدا کیا ہے، اس طرح اسے دوبارہ پیدا نہیں کروں گا حالاں کہ میرے لیے اسے پہلی بار پیدا کرنا دوسری بار پیدا کرنے سے آسان نہیں ہے جب کہ اس کا مجھے گالی دینا اس کا یہ کہنا ہے کہ اللہ نے اپنا بیٹا بنا رکھا ہے حالاں کہ میں ایک ہوں بے نیاز ہوں نہ میری کوئی اولاد ہے اور نہ میں کسی کی اولاد ہوں کوئی میرا ہم سر بھی نہیں ہے"

[صحيح] [رواه البخاري]

اس حدیث قدسی میں نبی صلی اللہ علیہ و سلم بتا رہے ہیں کہ اللہ عز و جل نے کفار و مشرکین کے بارے میں بتایا کہ وہ اسے جھٹلاتے ہیں اور کمیوں، عیوب اور نامناسب باتوں سے متصف کرتے ہیں, جو کہ ان کے لئے قطعا مناسب نہیں ہے جہاں تک ان کے ذریعے اللہ کو جھٹلائے جانے کی بات ہے، تو یہ دراصل ان کا یہ زعم ہے کہ اللہ موت کے بعد ان کو دوبارہ زندہ نہیں کرے گا، جس طرح پہلی بار عدم سے وجود بخشا تھا اللہ نے ان کا رد کرتے ہوئے کہا کہ جس نے ان کو عدم سے وجود بخشا، وہ ان کو دوبارہ پیدا کر سکتا ہے بلکہ یہ کام اس کے لیے کہیں زیادہ آسان ہے گرچہ (اگر حقیقت کی رو سے دیکھا جائے) تواللہ کے لئے پہلی بار اور دوبارہ پیدا کرنا دونوں برابر ہیں, کیوں کہ وہ ہر چیز پر قادر ہے جب کہ ان کے گالی دینے سے مراد ان کا یہ کہنا ہے کہ اللہ کی اولاد ہے اللہ نے ان کا رد کرتے ہوئے کہا کہ اللہ اکیلا، اپنے ناموں، صفات اور افعال کے اندر ہر طرح کے کمال کی حامل واحد ہستی، ہر نقص و عیب سے پاک اور بے نیاز ہے کہ سب اس کے محتاج ہیں اور وہ کسی کا محتاج نہیں وہ کسی کا والد نہیں، کسی کی اولاد نہیں، کوئی اس کا ہم سر اور مثیل و نظیر بھی نہیں ہے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/6327